تعارف و تبصرہ کتب

احسان الٰہی ظہیر

نام کتاب : ظفر الاضی بما یجب فی القضاء علی القاضی (عربی)

مصنف : نواب سید صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ ۔

ناشر : مکتبہ سلفیہ شیش محل روڈ، قیمت : چالیس روپے۔

حضرت نواب صدیق حسن خان کی شخصیت برصغیر پاک و ہند میں کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے نواب صاحب مرحوم برصغیر پاک و ہند میں اہل حدیث علماء کے سرخیل ہیں اور انھوں نے زبان و قلم سے اس مسلک حق اور دینِ حنیف کی وہ نمایاں خدمات انجام دی ہیں جنہیں کوئی صاحبِ علم فراموش نہیں کر سکتا۔

نواب صاحب مرحوم برعظیم میں واحد شخصیت ہیں جنہیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ ہندوستان میں سب سے پہلے حدیث کی اشاعت کا کارنامہ سرانجام دیا۔ اور حدیث کے مختلف موضوعات پر بے شمار کتب تصنیف کیں۔ اور یہ انہیں کا حصہ ہے کہ انھوں نے یہ کام اپنی طاقت و قوت سے بھی بڑھ کر کیا۔ زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اور اپنے موضوع پر ایک کامیاب کتاب ہے خصوصاً قاضی اور منصبِ قضا پر بہترین علمی اور تحقیقی کتاب ہے۔ جس میں فاضل مصنف نے کتاب و سنت کی روشنی میں قاضی اور اس کے منصب اور اس کے متعلقات پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔

یہ کتاب مکتبہ سلفیہ شیش محل روڈ لاہور کی جانب سے خوب صورت دیدہ زیب انداز میں ٹائپ پر شائع ہوئی ہے۔ اور اس کی قیمت چالیس روپے اور ضخامت ۲۸۹ صفحات ہیں۔

نام کتاب : التنکیل

تالیف : علامہ عبدالرحمٰن بن یحییٰ علیہ رحمۃ

طباعت : دو جلدوں میں خوبصورت ٹائپ میں شائع کی گئی ہے۔